خدا و رسولِ خدا داده میگویم که فتوے جوازِ طوافِ قبور را سراسر لغو و باطل دانید
و لبسوئیش هیچ التفات نکنید والا نسبت بشما نیز خوف کفر صحیح گردد این وقت
وقتِ حدوثِ اختلافات ست و این زمانه زمانهٔ اختراع بدعات و محدثات ست
صدق رسول الله صلی الله علیه وسلم حیث قال اوصیکم بتقوی الله والسمع
والطاعة وان کان عبداً حبشیاً فانه من یعش منکم بعدی فیری اختلافاً کثیراً فعلیکم
بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین تمسکوا بها وعضوا علیها بالنواجذ وایاکم
ومحدثات الامور فان کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة رواه احمد وابو داود اے
اخوان مومنین اگر درین وقتِ فسادِ اینچنین بدعت را مردود دانسته عمل برین حدیث
شریف کنید که رسولِ کریم صلی الله علیه وسلم فرموده است که قبر را ثبت نکنید پس
برائے شما اجرِ صد شهید موعود ست قال النبی صلی الله علیه وسلم من تمسک بسنتی
عند فساد امتی فله اجر مائة شهید کما فی المشکوة اللهم اهد الخلائق صراطاً مستقیماً

وقریب ست کہ جوابات مشاہیر علما نوبت بہ نوبت مطبوع اخبار بہاولپور خواہند
شد مولوی صاحب خیرپوری و دیگر ناظرین منتظر مے بودہ باشند فقط ۔۔

حررہ الفقیر قادربخش واعظ شہر بہاولپور ۲۴ ربیع الاول ۱۳۰۵ہجری لعلے

استفتاء سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب مشیر حاضر باز
نواب مستطاب والئ ریاست بہاولپور دام اقبالہ
بخدمت علمائے حرمین شریفین زادہما اللہ تعظیما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما قولكم رحمكم الله تعالى ايها العلماء
الكرام والمفاتي العظام من فقهاء السادة
الاحناف والشوافع والمالكية والحنابلة
المجاورين لبيت الله الحرام في ان المولوي
عبد الرحمن متوطن خيرپور بيهم طواف
قبور الانبياء والاولياء تعظيما لهم بل يقول
بندبها واستحبابها شرعا وافتى بذلك
وشاعت تلك الفتوى عنه في البلاد و
العباد حتى ان اكثر الجهال ابتلوا في ذلك
ومستدله في ذلك امور عقلية ونقلية
اما العقلية فاحدها ان الطواف منقسم
قسمين طواف تحية وتعظيم وطواف عبادة
كما ان القيام كذلك قيام تعظيم كالقيام
لعظماء القوم وقيام عبادة كالقيام في الصلوة
فكما يجوز القيام التعظيمي

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اور مفتیان عظام
فقیہان سرداز حنفیہ اور شافعیہ اور مالکیہ اور
حنبلیہ بیت الحرام کے ہمسائے اللہ تم پر رحم
فرماوے اس مسئلہ میں کہ مولوی عبد الرحمن
خیرپوری طواف قبور انبیاء و اولیاء کو بطور
تعظیم کے مباح کہتا ہے بلکہ شرعاً اسکے ندب اور
استحباب کا قائل ہے اور اسکا فتوے بھی دیا ہے
اور یہ فتوے شہروں میں اور لوگوں میں
یہاں تک پھیل گیا ہے کہ اکثر جہال اسمیں مبتلا
ہوگئے ہیں اور سند لیے اسکا اس بات میں امور عقلیہ
نقلیہ ہیں۔ لیکن دلائل عقلیہ پس ایک تو یہ ہے
کہ طواف دو قسم ہے ایک طواف تحیۃ و تعظیم
دوسرا طواف عبادت چنانچہ قیام دو قسم ہے
تعظیمی جیسا قیام عظمائے قوم کے لیے اور عبادتی
جیسا نماز میں پس جسطرح قیام تعظیمی

و قریب ست کہ جوابات مشاہیر علما نوبت بہ نوبت مطبوع اخبار بہاولپور خواہد
شد مولوی صاحب خیر پوری و دیگر ناظرین منتظر مے بودہ باشند فقط ۔
حررہ الفقیر قادر بخش مفتی عدالت شہر بہاولپور ۲۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۶ ہجری

استفتاء سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب مشیر حاضر باش نواب مستطاب والیٔ ریاست بہاولپور دام اقبالہ بخدمت علمائے حرمین شریفین زادہما اللہ تعظیما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما قولکم رحمکم اللہ تعالیٰ ایہا العلماء الکرام والمفاتی العظام من مقلدی السادۃ الاحناف والشوافع والمالکیۃ والحنابلۃ المجاورین ببیت اللہ الحرام فی ان المولوی عبد الرحمن المتوطن خیرپور یبیح طواف قبور الانبیاء والاولیاء تعظیما لہم بل یقول بندبہا واستحبابہا شرعا وافتی بذلک وشاعت تلک الفتوی عنہ فی البلاد والعباد حتی ان اکثر الجہال ابتلوا فیہ ومستندہ فی ذلک امور عقلیۃ ونقلیۃ اما العقلیۃ فاحدہا ان الطواف علی قسمین قسم طواف تحیۃ وتعظیم وقسم عبادۃ کما ان القیام کذلک قیام تعظیم کالقیام لعظماء القوم وقیام عبادۃ کالقیام فی الصلوۃ فکما یجوز القیام التعظیمی

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اور مفتیان عظام مقلدان مذاہب حنفیہ اور شافعیہ اور مالکیہ حنبلیہ بیت اللہ کے ہمسائے اللہ تم پر رحم فرماوے اس مسئلہ میں کہ مولوی عبد الرحمن خیرپوری طواف قبور انبیاء و اولیا کو بطور تعظیم کے مباح کہتا ہے بلکہ شرعا اسکے ندب اور استحباب کا قائل ہے اور اسکا فتوے بھی دے دیا ہے اور یہ فتوے شہروں میں اور لوگوں میں یہانتک پھیل گیا ہے کہ اکثر جہال اسمیں مبتلا ہو گئے ہیں اور اسکے مستند اس میں امور عقلیہ نقلیہ ہیں۔ لیکن دلائل عقلیہ پس ایک انمیں سے یہ ہے کہ طواف دو قسم ہے ایک طواف تحیہ تعظیم دوسرا طواف عبادت جیسے کہ قیام دو قسم ہے تعظیمی جیسا قیام عظمائے قوم کے لئے اور عبادتی جیسا نماز میں پس جسطرح قیام تعظیمی

دون قيام العبادة لغير الله تعالى كذلك
يجوز طواف التعظيم لغير الله تعالى دون
طواف العبادة وثانيها ان الفقهاء
الحنفية صرحوا بان الاصل في الاشياء
الاباحة ما لم يرد فيه تحريم ولم يوثر
فحرمة طواف القبور نهي لا في الكتاب
لا في السنة ولا عن المجتهدين المرضيين
فلما لم يرد فيه نهي بقي على اباحته - و
ثالثها ان في الانسان انموذج بيت الله
تعالى كما صرح في التفسير النيسابوري
تحت قوله تعالى اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ
لِلنَّاسِ وان انموذج بيت الله تعالى
في الانسان (وهو العالم الصغير) القلب
الخ فلما كان في الانسان انموذج البيت
جاز طوافه واما النقلية فمن السنة
انه صلى الله عليه وسلم قال في حديث
قدسي لا يسعني ارضي ولا سمائي ولكن
يسعني قلب عبدي المؤمن - وقال صلى الله
عليه وسلم ان من اجلالي وتوقيري
توقير الشيخ من امتي والشيخ في قومه
كالنبي في امته

غیر خدا کے لئے جائز ہے نہ قیام عبادت
اسیطرح طواف تعظیمی بھی غیر اللہ کے لئے
جائز ہے نہ قیام عبادت دوسری دلیل یہ ہے
کہ فقہاء حنفیہ نے تصریح کی ہے کہ اصل اشیاء
مین اباحت ہے جب تک کہ اُسمین تحریم وارد
نہو اور حرمت طواف قبور مین کوئی نہی وارد
نہین ہوئی نہ کتاب اللہ مین نہ سنت مین نہ ائمہ
مجتہدین مرضیین سے پس ہرگاہ نہی وارد نہین ہوئی
تو طواف اپنی اباحت پر رہا تیسری دلیل یہہ ہے کہ
انسان مین حسب تصریح تفسیر نیشاپوری بیت اللہ
کا نمونہ ہے چنانچہ تفسیر اس آیت مین اِنَّ
اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ تصریح کی ہے -
اور انسان مین جو عالم صغیر معتبر کیا جاتا ہے
نمونہ بیت اللہ کا قلب ہے الخ جب انسان مین
نمونہ بیت اللہ کا موجود ہوا تو اُسکا طواف
بھی جائز ہوا - اور لیکن دلائل نقلیہ پس حدیث
سے یہہ دلیل ہے کہ حدیث قدسی مین ہے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میرے
زمین اور آسمان میری گنجایش نہین رکھتے
لیکن میرے بندے مومن کا قلب میری
گنجایش رکھتا ہے - اور فرمایا حضرت صلعم
نے کہ تعظیم میری امت کے شیخ کی منجملہ میری تعظیم و
توقیر کے ہے اور شیخ اپنی قوم مین مثل نبی کی ہے

ولمّا كان هذا منزلته عند الله تعالى
فكيف يحرم تعظيمهم بالطواف۔
وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
ما اشتمل قوم في بيتٍ من بيوت
الله تعالى يتلون كتاب الله
تعالى ويتدارسونه بينهم
الا نزلت عليهم السكينة وغشيتهم
الرحمة وحفتهم الملائكة
وقال شراح الحديث
معنى قوله صلى الله عليه وسلم
وحفتهم الملائكة اى
طافوا بهم ودارواحولهم۔

فلما طافت الملائكة لغير الله تعالى
فما لنا ان لا نطوف لغير الله تعالى۔
وان كان طواف الملائكة عبادةً
معاذ الله ان تعبد الملائكة لغير الله
ومن الروايات الفقهية ان
في دستور القضاة من الملتقط
ان كان قبر عبد صالح ويمكن ان يطوف
له ثلث مرات فعل ذلك۔
وكذا في خزانة الروايات ووسيلة القلوب

اور جبکہ عند اللہ انکا مرتبہ اسقدر ہے
تو پھر انکی تعظیم بالطواف کسطرح سے حرام ہوگی
اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ کوئی قوم اللہ تعالے کی مسجدوں میں کسی
مسجد میں جمع نہیں ہوتی جو کتاب اللہ کی
تلاوت کرتے ہوں اور باہم دور کرتے ہوں
مگر انپر سکینہ نازل ہوتا ہے اور رحمت انکو
ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انکے گرد
ہوجاتے ہیں۔ اور حدیث کے شراح نے
معنے قول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
(حفتہم الملائکۃ) کے یہہ بیان کئے ہیں
طافوا بہم ودارواحولہم یعنی انکا
طواف کرتے ہیں اور انکے گرد اگرد پھرتے
ہیں۔ پس جب ملائکہ طواف غیر اللہ کا کریں
پھر ہمکو غیر خدا کا طواف کیوں جائز نہو۔
اور جو طواف ملائکہ کو عبادت قرار دیویں تو
معاذ اللہ کہ فرشتے غیر خدا کی عبادت کریں
اور روایات فقہیہ میں سے یہہ دلائل ہیں
ملتقط میں سے دستور القضاۃ میں نقل
کیا ہے کہ اگر عبد صالح کی قبر ہووے اور اسکے گرد
طواف تین مرتبہ ممکن ہوسکے تو کرلیوے۔
یہانتک عبارت ہے دستور القضاۃ کی
اور اسیطرح خزانۃ الروایات اور وسیلۃ القلوب

ومحك الطالبين - ويقولون ان
الامام الاعظم رح كان يسير لزيارة
الروضة المقدسة لرسول الله صلى الله عليه وسلم
ويطوف حوله -

وجم غفير من علماء الهند يخالفونه
في ذلك ——— و
يقولون ان الطواف حول غير بيت الله
الحرام من القبور والامكنة المشرفة سواء كان
لله تعالى او لغيره حرام والفاعل
والراضي آثمان ومن
فعله او افتى بذلك يُخشى عليه الكفرُ -
فان كان دعوى الفريق الاول عندكم
باطلا وقول الفريق الثاني حقا
فابطلوا الباطل بالكتاب والسنة
واقوال المجتهدين من الائمة
وابطلوا دلائلهم بالبراهين القاطعة و
اتيدوا الحق بالبينات الواضحة والحجج
الساطعة - واهدونا ماذا نعتقد في حق
ذلك المفتي وان كان عندكم
على عكس ذلك فكذلك احقوا الحق
وابطلوا الباطل فان قولكم عندنا
الفصل وحكمكم الجزل -
بينوا رحمكم الله توجروا

اور محک الطالبین مین - اور کہتے ہین کہ
حضرت امام اعظم رح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے روضہ مبارک کی زیارت کے واسطے جاتے
تھے اور گرد اُسکے طواف کرتے تھے -

اور ایک بڑا گروہ علماے ہند سے مولوی عبد
الرحمن کا خلاف کرتا ہے اس مسئلہ مین اور
کہتے ہین کہ طواف غیر بیت اللہ کا حرام ہے
خواہ قبور یا مکان محترم ہون - خدا کے واسطے
کرین یا غیر خدا کے واسطے - اور کرنے والا
اور راضی ہونے والا دونو گنہگار ہین - اور جو
اِسکو کرتا ہے یا اسکا فتوے دیتا ہے اُسپر کفر کا
خوف ہے - پس اگر فریق اول کا دعوے تمہارے
نزدیک باطل ہو اور فریق ثانی کا قول حق ہو
تو کتاب اور سنت کی دلیل سے اور مجتہدین امت
کے اقوال سے جو باطل ہو اسکا ابطال کرو اور
اُسکی دلیلون کو دلائل قاطعہ سے توڑو - اور
دلائل واضحہ اور حجتون روشن سے حق کی تائید
کرو - اور ہمکو بتلاؤ کہ اس مفتی کے حق مین
کیا اعتقاد کرین اور اگر تمہاری راے مین اسکے
برعکس ہو پس اُسیطرح حق کو ثابت کرو اور باطل کو
باطل ٹھہراؤ کیونکہ تمہارا قول ہمارے نزدیک
قول فیصل ہے اور حکم تمہارا مستحکم ہے -
واضح بیان کرو اللہ تم پر رحم فرماوے - ثواب پاؤگے

المستفتی سیّد غلام مرتضی شاہ
مشیر حاضر باش نواب مستطاب والئی
ریاست بہاولپور دام اقبالہ۔

فتوٰی طلب کرنے والا سید غلام مرتضی شاہ
مشیر حاضر باش نواب مستطاب والئے
ریاست بہاولپور دام اقبالہ کا۔

جواب حضرت مولانا مولوی محمد صالح صاحب متوطن مکہ معظمہ مفتی حنفیان دربارہ حرمت طواف قبور اولیاء کرام

الحمد لمن هو به حقيق۔
ومنه استمداد العون والتوفيق۔
دعوى الفريق الاول باطلة۔
اذ الطواف بالقبور مكروه۔
ولم يُعهد الطواف الا بالكعبة البهية
المشرفة۔ قال في الفتاوى الهندية
(ويكره عند القبر فعلُ مالم يعهد من السنة
والمعهود منها ليس الا زيارته والدعاء
قائمًا۔
كذا في البحر الرائق) انتهى
واطلاق الكراهة يفيد التحريم۔
والاستدلالُ بما في دستور القضاة
وخزانة الروايات ووسيلة القلوب،
وتحفة الطالبين جراءةٌ عظيمة على الفتوى
بما في كتب غريبة غير مشهورة۔
وقد صرح علماءنا بانه لا يحل
الافتاء من الكتب الغريبة التي
لم تشتهر وتتداول بين الناس۔

حمد اُسی ذات کو سزاوار ہے جو حمد کے لائق
ہے۔ اور اُسی سے مدد اور توفیق طلب کرتا ہون
فریق اول کا دعوے (جو طواف قبور جائز
کہتا ہے) باطل ہے کیونکہ قبور کا طواف مکروہ
(تحریمی) ہے۔ اور طواف بجز کعبہ مشرفہ کے
(شرعًا) مقرر نہین ہوا۔ فتاوی ہندیہ
(یعنی عالمگیری) مین ہے کہ جو چیز کہ سنت سے
مقرر نہین قبر کے پاس مکروہ ہے۔ اور سنت سے
صرف زیارت اور دعا کھڑے ہو کر ہی مقرر ہے
جیسا کہ بحر الرائق مین ہے۔ یہانتک عبارت
فتاوی ہندیہ کی الخ اور کراہت کا مطلق ذکر
کرنا تحریم کا فائدہ دیتا ہے۔ اور دستور القضاۃ
اور خزانۃ الروایات اور وسیلۃ القلوب اور
تحفۃ الطالبین کی روایت پر فتوی دینا بہت
بڑی دلیری اور جرأت ہے کہ غیر مشہور کتابون
کی روایات پر فتوی دیا ہے حالانکہ ہمارے
علماء نے تصریح کی ہے کہ اون کتابون سے فتوی دینا
جو مشہور اور متداول نہین ہوئین اور اونکے

لو يعلم حال مؤلفيها وضبطهم لما
نقلوه وتحاشيهم عن نقل الروايات
الضعيفة۔ فكم من مؤلف هو كحاطب
ليل او جارف سيل وناقل ما لا يفرق
بين الصحيح والضعيف ويعتقد ان
كل مستدير رغيف۔

وروى عن عائشة ام المؤمنين رض
قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
من احدث في امرنا هذا ما ليس منه
فهو رد۔ رواه البخاري ومسلم وابوداؤد

ولفظه من صنع امرا على غير امرنا فهو رد
وابن ماجة۔
وفي رواية لمسلم من عمل عملا ليس عليه
امرنا فهو رد۔
وفي الحديث وشر الامور محدثاتها
وكل محدثة بدعة وكل بدعة
ضلالة۔
وعن ابي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم
قال انما اخشى عليكم

مؤلفین کا حال اور نقل کی پختگی اور ضعیف
روایتوں سے انکا احتراز کرنا معلوم نہو
ہرگز حلال نہین۔ کیونکہ بہت سے مؤلف مثل
شب مین لکڑیان لانے والون کی (کہ وہ
گیلی سوکھی لکڑی کے درمیان امتیاز نہین
کرسکتے) اور مہلک رَو کے ہوتے ہین۔
اور بہت سے ناقل صحیح وضعیف مین امتیاز
نہین کرتے اور ہر ایک گول چیز کو روٹی سمجھ
لیتے ہین۔ اور حضرت ام المؤمنین عائشہ رض
سے مروی ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جس شخص نے ہمارے دین مین ایسی نئی بات پیدا
کی جو اُسمین نہین تھی وہ مردود ہے۔ اسکو
بخاری ومسلم وابوداؤد نے روایت کیا ہے
اور ابوداؤد مین ہے جسنے کوئی امر ہمارے
امر کے خلاف کیا وہ مردود ہے اور ابن ماجہ نے
اور مسلم مین ہے جسنے ایسا عمل کیا جسکا
ہمنے حکم نہین کیا وہ مردود ہے۔
اور حدیث مین ہے کہ بدترین کامون مین سے
نوایجاد ہین اور ہر نیا امر بدعت ہے۔
اور ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بواسطہ ابی ہریرہ رض
مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
مین خوف رکھتا ہون تمہارے حال پر

شهوات الغي في بطونكم و
فروجكم ومضلات الهوى
رواه احمد والبزار في معاجمه
الثلاثة۔
وفي الحديث اما بعد فان اصدق الحديث
كتاب الله تعالى وافضل الهدى
هدى سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم
وشر الامور محدثاتها
وكل محدثة بدعة
وكل بدعة ضلالة وكل ضلالة في النار
رواه احمد في مسنده
ومسلم والنسائي وابن ماجه عن جابر
رضي الله تعالى عنه۔
ومعنى كل بدعة ضلالة ان كل بدعة
احدثت على خلاف الشرع
ضلالة اي توصف بذلك لاضلالها
والحق فيما جاء به الشارع وماذا بعد
الحق الا الضلال۔
ولا شك في ان الشارع ما جاء بالطواف
بالقبور وما هو الا ضلال لا يرضاه
المهيمن المتعال۔
ويكفي اجماع الامة على تركه۔
وقد قال صلى الله عليه وسلم

شہوات گمراہی سے جو تمہارے شکموں اور
شرمگاہوں میں ہیں اور گمراہ کرنے والی
شہوات سے۔ اس روایت کو احمد اور
بزار اور طبرانی نے اپنی معاجم ثلاث میں ذکر کیا ہے
اور حدیث میں ہے سب باتوں سے زیادہ
سچی کتاب اللہ ہے اور سب طریقوں سے بہتر
طریقہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے
اور سب امور سے بدتر نئے نکالے ہوئے
امور ہیں اور سب نو پیدا کام بدعت ہیں
اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ
میں ہے یہہ روایت احمد نے اپنی مسند میں
اور مسلم اور نسائی اور ابن ماجہ نے جابر رضی سے
بیان کی ہے۔
اور کل بدعة ضلالة کے یہہ معنے ہیں کہ جو
بدعت نکالی جاوے خلاف حکم شرع کے وہ
گمراہی ہے چونکہ وہ باعث گمراہی ہے اسواسطے
اسکو گمراہی سے موصوف کیا۔ اور حق وہ ہے
کہ جو شرع میں وارد ہوا اور سوا حق کے جو ہے
وہ گمراہی ہے اور بیشبہ شارع کی طرف سے
طواف قبور کہیں ثابت نہیں پس یہہ سراسر
گمراہی ہے جسکو خدا تعالی پسند نہیں رکھتا
اور اجماع امت متروک ہونے اس طواف پر
کافی ہے۔ اور تحقیق فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لاتجتمع امتی علی الضلالة۔
وقد قال تعالیٰ وَمَنْ يَّتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا۔

والله الهادی الی سوآء السبیل۔

امر برقمه خادم الشریعة راجی لطف ربه الخفی محمد صالح ابن المرحوم الشیخ الصدیق کمال الحنفی مفتی مکة المکرمة حالاً۔ کان الله له حامدًا مصلیًا مسلمًا۔

میری امت گمراہی پر متفق نہو گی۔ اور فرمایا اللہ تعالےٰ جو کوئی طریق مومنین کے سوا اور راہ اختیار کرے اُسکو ہم اُسی راہ مین چھوڑ دینگے جسکے وہ پیچھے پڑا اور دوزخ مین اُسکو داخل کرینگے۔ اور دوزخ برا ٹھکانا ہے۔ اور سیدھی راہ کی طرف خدا ایتعالےٰ ہادی ہے۔

اِس فتوی کے لکھنے کا حکم کیا گیا خادم شریعت امیدوار مہربانی خفیہ الٰہی کا یعنی محمد صالح ابن مرحوم صدیق کمال حنفی مفتی مکہ معظمہ بزمانۂ حال۔ اللہ تعالےٰ اُن دونو کا مددگار ہوجیو حامدًا مصلیًا مسلمًا۔

جواب حضرت مولانا مولوی محمد سعید صاحب بن محمد بابصیل متوطن مکہ معظمہ مفتی شافعیان دربارۂ حرمتِ طوافِ قبور

الحمد لله وحده۔ وصلی الله علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه والسالکین نهجهم بعده۔

اللهم هدایة للصواب۔

فی مختصر الفتاوی للامام الشیخ علی بن عمر ابن قاضی عن الشیخ عبد الله بن احمد بامخرمة

سب تعریف خدای یگانہ کے ہے۔ اور درود بھیجے اللہ تعالےٰ ہمارے سردار محمد پر اور اسکی آل اور اصحاب پر۔ اور اُن لوگون پر جو اُنکے بعد اُنکے طریقے پر چلے۔

ای ہمارے معبود ہمکو نیکی کی راہ دکھلا۔

مختصر الفتاوی مصنفہ علامہ شیخ علی بن عمر ابن قاضی شیخ عبد اللہ بن احمد بامخرمہ سے منقول

ما نصه قالوا يحرم توجه المصلي الى قبره
صلى الله عليه وسلم
ويكره الى قبر غيره
والطواف بقبره صلى الله عليه وسلم حرام۔
وبقبر غيره مكروه بل لا يبعد
حرمته ايضا انتهى
وفي كتاب الزواجر عن اقتحام الكبائر
للعلامة الشيخ احمد بن حجر الهيتمي
ما ملخصه الكبيرة
الثالثة والرابعة والخامسة والسادسة
والسابعة والثامنة والتسعون اتخاذ القبور
وايقاد السُرُج عليها واتخاذها
اوثانا والطواف بها و
استلامها والصلوة اليها
اخرج الشيخان وابو داؤد عنه
صلى الله عليه وسلم
انه قال قاتل
الله اليهود اتخذوا قبور انبيائهم
مساجد۔ واخرج الشيخان
وغيرهما عن ابي هريرة رض
لعن الله
اليهود والنصارى اتخذوا قبور انبيائهم
مساجد۔ واخرج ابن حبان

کہ فقہا کہتے ہیں نمازی کا متوجہ ہونا حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی طرف حرام ہے۔
اور کسی اور کی قبر کی طرف متوجہ ہونا مکروہ ہے۔
اور طواف قبر شریف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام ہے
اور غیر قبر حضرت کے اور کا طواف مکروہ بلکہ حرام بھی
قریب ہے انتہی یہانتک ہے عبارت مختصر الفتاوی کی
اور کتاب الزواجر عن اقتحام الکبائر مصنفہ
علامہ شیخ احمد بن حجر الہیتمی میں اسطرح ہے
کہ جسکا خلاصہ یہ ہے کبیرہ گناہوں میں سے
تراونوے چرانوے پچانوے چھیانوے
ستانوے اٹھانوے ہیں قبور کا مسجد بنانا
اور قبروں پر چراغ روشن کرنا اور انکو
بُت کی طرح بنانا اور طواف کرنا اور
قبروں کو بوسہ دینا اور انکی طرف نماز پڑھنا ہے
بخاری اور مسلم اور ابوداؤد نے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سے اسطرح روایت کی ہے
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلاک کرے
اللہ تعالے یہود کو انہوں نے اپنے انبیا کی
قبروں کو مسجد بنایا۔ اور بخاری اور مسلم
اور علاوہ انکے اوروں نے ابوہریرہ رض
سے روایت کی کہ لعنت کرے اللہ تعالے
یہود اور نصارے پر جنہوں نے اپنے نبیوں کی
قبروں کو مسجد بنایا۔ اور ابن حبان نے

عن انس رضہ نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الصلوة الى القبور۔

انس رضہ سے روایت کی ہے کہ مقابر کی طرف نماز پڑھنے سے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔

واخرج ابن سعد عنه صلى الله عليه وسلم انه قال الا ان من كان قبلكم كانوا يتخذون قبور انبيائهم وصالحيهم مساجد فلا تتخذوا القبور مساجد فاني انهاكم عن ذلك وفي ذلك تحذير للامة مما صنعوا كما في رواية يحذر ما صنعوا اى يحذر امته بقوله لهم ذلك من ان يصنعوا كصنع اولئك فيلعنوا كما لعنوا۔

اور ابن سعد نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی کہ خبردار ہو جو تمسے پہلے گذر گئے انہون نے اپنے انبیا اور صالحین کی قبرون کو مسجد بنالیا تھا تمنے ہرگز قبرون کو مسجد نہ بنانا۔ مین تمکو اس سے منع کرتا ہون۔ اس نہی مین امت کے لئے ڈرانا اور تنبیہ ہے امور نو احداث سے جسکو اختراع کرلیا ہے جیسا اور روایت مین ہے کہ ڈراتے تھے امت کو بدعات سے کہ ایسا ہو کہ پہلون کی طرح سے مبتلاے بدعات ہو کر مثل اونکی ملعون ہو جاوین۔ اور قبرون کے مسجد بنانے کے یہہ معنے ہین کہ قبرون پر نماز پڑھین یا انکی طرف متوجہ ہوکر نماز پڑھین۔

واتخاذ القبر مسجدا معناه الصلوة عليه او الصلوة اليه۔

وقال اصحابنا تحرم الصلوة الى قبور الانبياء والاولياء تبركا واعظاما فاشترطوا شيئين ان يكون قبر معظم وان يقصد بالصلوة اليه ومثلها الصلوة عليه التبرك والاعظام وكون هذا الفعل كبيرة ظاهر من الاحاديث المذكورة

اور ہمارے صحاب کہتے ہین کہ انبیا اور اولیا کی قبرون کی طرف ارادہ تبرک اور تعظیم سے نماز پڑھنا حرام ہے۔ دو شرطین قرار دین ایک یہہ کہ قبر معظم ہو دوسری یہہ کہ اسکی طرف نماز پڑھنے سے تبرک اور تعظیم مقصود ہو۔ اور مثل اسکی ہے قبر پر نماز پڑھنا اور اس فعل کا کبیرہ ہونا احادیث مذکورہ سے صاف ظاہر ہے۔

وقاس بعض علمائنا الشافعية على المصرّح به في الاحاديث كل تعظيم للقبر وايقاد السرج عليه تعظيماً له وتبركاً به والطواف به كذلك وهو اخذ غير بعيد انتهى مخلصاً۔

ومن ذلك يُعلم الجواب ان الطواف بالقبور المذكورة بقصد التعظيم حرام۔ وان قول المولوي باباحة طواف قبور الانبياء كذب وزور فضلاً عن قوله بندبها۔

واما استدلالاته بامور العقلية والنقلية فهي فاسدة غير مستقيمة كما يعرف ذلك من له ادنى مسكة في العلم۔ والله سبحانه وتعالى اعلم۔

امر برقمه المرتجي من ربه كمال النيل محمد سعيد بن محمد بابصيل مفتي الشافعية بمكة المحمية غفر الله له ولوالديه ولمشايخه ولاخوانه ومحبيه وجميع المسلمين آمين۔

اور بعض علماء ہمارے شافعیہ نے امور مصرحۂ حدیث پر یہ قیاس کیا ہے کہ جو تعظیم قبر کی مثل چراغ جلانے اور طواف کے ازراہ تبرک اور تعظیم ہو وہ بھی ایسی ہی یعنی حرام اور ممنوع ہے اور یہ قیاس قریب ہے انتہے ملخصاً۔ اور اس مذکور سے جواب سمجھا گیا کہ قبروں کا طواف بقصد تعظیم حرام ہے۔ اور یہ کہ مولوی جو قبور انبیاء کے طواف کو جائز کہتا ہے اُسکا قول سراسر جھوٹ اور فریب ہے مندوب ہونا کجا۔ اور جو اُسنے استدلال امور عقلیہ اور نقلیہ سے کئے ہیں وہ سب فاسد اور نادرست ہیں۔ اِسکو ہر کوئی سمجھ سکتا ہے جسکو کچھ بھی علم سے مَس ہو۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

محمد سعید بن محمد باجسیل مفتی شافعیہ مکہ معظمہ

جواب حضرت مولانا مولوی محمد بن حسین متوطن مکہ معظمہ مفتی مالکیان دربارہ حرمت طواف قبور اولیاء

اللهم هداية للصواب الحمد لله وحده

رب زدني علماً

في المدخل لابن الحاج رح في فصل زيارة

اللہم ہدایۃ للصواب الحمد للہ وحدہ۔

رب زدنی علماً

مدخل ابن حاج رح کے فصل زیارت

النبي صلى الله عليه وسلم ما نصه وترى من لا علم عنده يطوف بالقبر الشريف كما يطوف بالكعبة المشرفة-
ويتمسح به ويلقون عليه مناديلهم وثيابهم يقصدون بها التبرك
وذلك كله من البدع لان التبرك انما يكون بالاتباع له صلى الله عليه وسلم- وما كان سببًا لعبادة الجاهلية للاصنام الا من هذا الباب ولاجل ذلك كره علماؤنا رحمهم الله التمسح بجدار الكعبة او جدار المسجد او بالمصحف او غير ذلك مما يتبرك به سدًّا لهذا الباب ولمخالفة السنة لان صفة التعظيم موقوفة عليه صلى الله عليه وسلم وكل ما عظمه رسول الله صلى الله عليه وسلم نعظمه ونتبعه فيه- فتعظيم المصحف قراءته والعمل بما فيه- لا تقبيله ولا القيام اليه كما يفعل بعضهم في هذا الزمان- وكذلك المسجد تعظيمه الصلوة فيه

روضۂ منورہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین مذکور ہے- اور تو بےعلم (جاہل) کو دیکھیگا کہ وہ قبر شریف کا اسطرح طواف کرتا ہے جسطرح کعبۂ شریف کا طواف کرتا ہے- اور وہ اسکو ہاتھ لگاتا ہے اور چومتا ہے- اور اپنے مندیل (رومال) اور کپڑے بقصد تبرک ڈالتے ہین اور یہہ سب بدعت ہے کیونکہ تبرک صرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع مین ہوتا ہے- اور زمانۂ جاہلیت مین بت پرستی کا سبب اسیطرح ہوا ہے- اور اسی سبب سے ہمارے علما رحمہم اللہ علیہم نے کعبہ اور مسجد کو اور قرآن شریف کو بطور تبرک چھونا بدعت کا دروازہ بند کرنے کے لئے اور سنت کی مخالفت کی وجہ سے مکروہ فرمایا ہے- کیونکہ تعظیم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان پر موقوف ہے- جس چیز کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تعظیم فرمائی ہے ہم بھی اُسکی تعظیم کرینگے اور حضرت کا اتباع کرینگے چنانچہ قرآن کی تعظیم اسکا پڑھنا اور اُسکے احکام پر عمل کرنا ہے- نہ بوسہ دینا اور اُسکے لئے اُٹھنا جیسا اس زمانہ مین بعضے لوگ کرتے ہین- اسیطرح مسجد کی تعظیم اُسمین نماز پڑھنا ہے

لا التمسح بجدارها — وكذا
زيارة القبور تعظيمها الدعاء عندها
والتوسل بهم الى الله تعالى لا الطواف بها
لان ذلك لم يرد عن النبي صلى الله عليه وسلم
ولا عن السلف الصالح والخير كله في الاتباع
والشر كله في الابتداع —
قال تعالى: مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ
فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا —
وقال عليه الصلوة والسلام عن ام
المؤمنين السيدة عائشة رضي الله عنها
من احدث في امرنا هذا ما ليس فيه فهو رد —
رواه البخاري وغيره
وفي الحديث وشر الامور محدثاتها
وكل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة —
الى غير ذلك من الآيات القرآنية والاحاديث
النبوية. وما ذكره السائل مما
استدل به هذا المبتدع لا ينتج له
مطلوبا كما هو ظاهر لمن له ادنى معرفة
نعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات

نہ اُنکی دیواروں پر ہاتھ پھیرنا اسیطرح سے
زیارت قبور۔ اُنکی تعظیم وہاں دعا کرنا
اور اُنکو خدا کے یہاں وسیلہ پکڑنا ہے۔ نہ طواف کرنا
کیونکہ یہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور سلف
صالح سے وارد نہیں ہوا اور تمام بھلائی اتباع میں
اور تمام برائی بدعت پیدا کرنے میں ہے۔
خدا تعالےٰ نے فرمایا ہے جو تمہارے پاس رسول
لایا اُسکو لو اور جس سے منع کیا اُس سے باز رہو
اور حضرت عائشہ رضہ سے مروی ہے کہ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمارے دین میں
کوئی نئی بات نکالے وہ مردود ہے۔
اس حدیث کی روایت بخاری وغیرہ نے کی ہے۔
اور حدیث میں ہے بد ترین کاموں کے نو پیدا
ہیں اور ہر امر نو پیدا بدعت ہے اور ہر بدعت
گمراہی ہے۔ اور بہت آیات قرآنی اور احادیث
نبوی اسمیں وارد ہیں۔ اور سائل نے
جو کچھ اس مبتدع کے استدلالات ذکر کیے ہیں
اُن سے اُسکا مطلب پیدا نہیں ہوتا چنانچہ
جسکو تھوڑا سا بھی علم ہو اُسپر ظاہر ہے۔
نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا

كتبه الراجي العفو من واهب العطية محمد بن الحسين مفتي المالكية في بلد الله المحمية
مصليا ومسلما —

جواب حضرت مولانا مولوی خلف بن ابراہیم صاحب متوطن مکہ معظمہ مفتی حنبلیان در بارۂ حرمت طواف قبور

الحمد للہ وحدہ رب زدنی علما
استمد من اللہ التوفیق والرشاد
الی اقوم الطریق۔
اللھم ھدایۃ الی الصواب واتباع سنۃ
سید المرسلین وآلہ وصحبہ المکرمین
والائمۃ الاربعۃ المجتہدین۔
لا یجوز الطواف بالقبور کما صرح بذلک
فی شرح الاقناع بقولہ
ویکرہ المبیت عند القبر وتجصیصہ
وتزویقہ وتخلیقہ
وتقبیلہ والطواف بہ و
تبخیرہ وکتابۃ الرقاع
الیہ ودسھا فی الانقاص والاستشفاء
بالتربۃ من الاسقام لان ذلک کلہ
من البدع۔
وتکرہ الکتابۃ علیہ
والجلوس علیہ لما روی
ابو مرثد الغنوی ان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تجلسوا
علی القبور ولا تصلوا الیہا رواہ
مسلم۔

سب تعریف خدا وحدہ کے لئے ہے۔ ای میرے رب
میرے بڑھا مجھے علم سے۔ مدد چاہتا ہون
مین اللہ سے توفیق اور پختہ طریق کی رہنمائی
یا اللہ دکھا صواب کی راہ اور تابعداری سید
المرسلین کی اور انکی اولاد اور اصحاب بکرمین کی
اور چارون امامون مجتہدین کی۔
قبرون کا طواف جائز نہین ہے جیسے شرح
اقناع مین اسکی تصریح ہے باین عبارت کہ
مکروہ ہے شب باشی قبر کے پاس اور چونہ
گچ لگانا اور مزین کرنا اور قبر پر خوشبو
چھڑکنا اور بوسہ دینا اور طواف کرنا اور
کسی خوشبو کا دھان دینا اور عرضی پرچے
قبرون پر لگانے اور روشندانون مین اندر
ڈالنے اور قبرون کی مٹی کے ساتھ بیماریون
سے شفا چاہنا کیونکہ یہ سب امور بدعات
مین سے ہین۔ اور مکروہ ہے قبرون پر لکھنا
اور قبرون پر بیٹھنا اس دلیل سے جو
ابو مرثد غنوی نے روایت کی ہے کہ فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم قبرون پر
نہ بیٹھو اور انکی طرف نماز نہ پڑھو مسلم نے
اسکی روایت کی ہے۔

وعن ابی هريرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لان یجلس احدکم علی الجمرة فتحرق ثیابه وتخلص الی جلده خیرله من ان یجلس علی قبر مسلم رواه مسلم

اور ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیٹھنا ایک کا تم مین سے آگ کی چنگاری پر پھر وہ چنگاری اُسکے کپڑون کو جلا کر کھال تک پہونچ جاوے بہتر ہے اُس شخص کے حق مین مسلمان کی قبر پر بیٹھنے سے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔

ویکره الوطئ علیه ای علی القبر لقول الخطابی ثبت ان النبی صلی الله علیه وسلم نهی عن توطئ القبور۔

اور مکروہ ہے چلنا قبرون پر بقول خطابی کہ ثابت ہوا ہے یہہ کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا قبرون پر چلنے سے

ویکره الاتکاء علیه لما روی عنه علیه الصلوة والسلام انه رأی رجلا قد اتکی علی قبر فقال لا توذی صاحب القبر

اور مکروہ ہے تکیہ لگانا قبر پر اسواسطے کہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کو قبر پر تکیہ لگائے ہوئے دیکھا پس فرمایا کہ صاحب قبر کو ایذا نہ دے۔

ویحرم التخلی علیها وبینها۔

اور حرام ہے بیٹھنا پاخانہ قبر پر اور درمیان قبرون کے۔

وقال ایضا فی شرح الاقناع ولا یتمسح ولا یمس قبر النبی صلی الله علیه وسلم ولا حائطه ولا یلصق به صدره ولا یقبله ای یکره ذلك لما فیه من اساءة الادب والابتداع۔ قال اثرم رأیت اهل العلم من اهل المدینة لا یمسون قبر النبی صلی الله علیه وسلم بل یقومون من ناحیة ویسلمون۔

اور ایضا شرح اقناع مین اسطرح تصریح کی ہے کہ ہاتھ نہ لگایا جاوے قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور نہ اُسکی دیوارون کو اور نہ سینہ لگایا جاوے اور نہ بوسہ دیوے یعنے یہہ سب امور مکروہ ہین کیونکہ بے ادبی اور بدعت ہے ہین۔ اثرم کہتے ہین کہ مدینہ شریف کے اہل علم کو دیکھا ہے کہ وہ قبر نبی صلعم کو ہاتھ نہین لگاتے ایک طرف مین کھڑے ہو کر سلام پڑھتے ہیں

قال ابو عبد الله وهكذا كان ابن عمر يفعل الى ان قال قال الشيخ ويحرم طوافه بغير البيت العتيق اتفاقا۔

واتفقوا على انه لا يقبله ولا يتمسح به فانه من الشرك وقال الشرك لا يغفره الله تعالى ولو كان اصغر انتهى۔

ومثله في شرح المنتهى ويكفي في الرد على هذا الخبيث المشار اليه في تجويزه الطواف بالقبور حديث ابي هريرة رضي ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لعن الله اليهود اتخذوا قبور انبيائهم مساجد متفق عليه۔

وهذا الزنديق المذكور جعلها كالبيت العتيق والبيت المعمور والشرع بالنقل لا بالعقل

وقد قال صلى الله عليه وسلم من احدث في امرنا هذا ما ليس فيه فهو رد۔ متفق عليه۔

واستدلاله لما ذكر دال على سخافة عقله وغاية جهله كما لا يخفى على ادنى واحد من الطلبة۔

ابو عبد اللہ کہتے ہیں کہ ابن عمر بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ یہان تک کہ کہا ابو عبد اللہ نے شیخ نے کہا ہے۔ اور حرام ہے طواف سوائے بیت العتیق کے اتفاقًا۔

اور کہا ہے متفق ہین اسپر کہ بوسہ نہ دیوے قبر کو اور نہ ہاتھ لگاوے اُسکو کیونکہ یہہ امور شرک ہین اور کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ شرک کو نہین بخشیگا اگرچہ ادنے درجہ کا شرک ہو انتہی۔

اور ایسا ہے شرح المنتہی مین مذکور ہے۔ اور اس خبیث کے رد کے واسطے جو طواف قبور کے جواز مین مشار الیہ ہے حدیث ابی ہریرہ رضی کی کافی ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کرے اللہ تعالیٰ یہود پر جنہون نے اپنے انبیاء کی قبرن کو مسجد بنایا متفق علیہ۔

اور اس زندیق نے قبور کو مثل بیت العتیق اور بیت المعمور کے قرار دیا اور مدار شرع کا نقل پر ہے نہ عقل پر۔

اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے ہمارے دین مین نئی بات نکالی جو دین سے نہین ہے وہ مردود ہے متفق علیہ

اور استدلال اس قائل کا بدلائل مذکورہ اُسکے اعلےٰ درجہ کے جہل اور رکاکت عقل پر دال ہے چنانچہ ادنے طالب علم پر پوشیدہ نہین۔

فليتق الله ربه۔
والله سبحانه وتعالى اعلم۔
امر برقمه الحقير خلف بن ابراهيم
خادم افتاء الحنابلة بمكة المشرفة
حامدًا مصليًا مسلمًا۔

پس چاہیے کہ ڈرے اپنے اللہ پروردگار سے
واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔
اسکے لکھنے پر مامور ہوا عاجز خلف بن
ابراہیم خادم افتاء حنابلہ مکہ شریف مین
بالفعل۔ حامدًا مصلیًا مسلمًا۔

جواب حضرت مولانا مولوی عباس بن جعفر بن صدیق متوطن مکہ معظمہ (حرسہا اللہ تعالیٰ) مفتی حنفیان دربارہ حرمت طواف قبور

الحمد لله وحده۔ رب زدني علمًا۔
قال الشيخ عبد الله بن الشيخ حسين
العفيف الكازروني في منسكه عند قوله
وليكثر من الزيارة ما نصه ولا يمس عند
الزيارة الجدار اي لانه خلاف الادب و
لا يلتصق به وكذا لا يقبله لان الاستلام
والقبلة من خواص بعض اركان الكعبة
ولا يطوف اي لا يدور حول البقعة
الشريفة لان الطواف من خواص الكعبة
ايضًا ولا ينحني ولا يقبل الارض فانه
اي كل واحد مما ذكر بدعة فيكون مكروهًا
واما السجدة فلا شك انها محرمة الخ ما ذكره
وقال الشيخ ملا علي القاري في شرحه على اللباب

الحمد وحدہ۔ رب زدنی علمًا۔
شیخ عبد اللہ بن شیخ حسن عفیف گازرونی رح
اپنی کتاب منسک مین جس جگہ یہ قول
مذکور ہے مصرح کہتے ہین ولیکثر من الزیارۃ
اور زیارت کے وقت دیوارون کو ہاتھ
نہ لگاوے کیونکہ یہ خلاف ادب ہے
اور نہ دیوار سے ملے اور ایسا ہی بوسہ بھی
نہ دیوے کیونکہ استلام اور بوسہ بعض ارکان
کعبہ کے خاصون مین سے ہے اور طواف
نکرے یعنی نہ پھرے گرد کسی جگہ شریفہ کے
کیونکہ طواف بھی خواص کعبہ شریفہ سے ہے
اور نہ جھکے اور نہ بوسہ دے زمین کو اسواسطے
کہ یہ کل مذکورات بدعت مین داخل ہین
پس مکروہ ناپسند ہین۔ اور سجدہ کے
حرام ہونے مین تو شک نہین الی آخرہ۔
اور شیخ ملا علی قاری نے شرح لباب مین

خواصون

عند قول الماتن ولا یمس عند الزیارۃ الجدار ما تفسیرہ بقولہ ای لانہ خلاف الادب فی مقام الوقار۔

جس جگہ یہہ قول ماتن کا ہے ولا یمس عند الزیارۃ الجدار یہہ تفسیر کی ہے مس دیوار نکرین اسلئے کہ وقار کے مقام مین یہہ بات خلاف ادب ہے

ولا یقبلہ لان الاستلام والتقبیل من خواص بعض ارکان الکعبۃ۔

اور ایسا ہے بوسہ نہ دیوے کیونکہ استلام اور بوسہ بعض ارکان کعبہ شریفہ کے خاصون مین سے ہے۔

وعند قول الماتن ایضا ولا یلتصق بہ شئ ای بالتزامہ ولصوق بطنہ و لعدم ورودہ۔

اور قول ماتن ولا یلتصق بہ کی یہہ تفسیر کی ہے کہ التزام دیوار کا نکرے اور شکم کو نہ لگاوے اسلئے کہ وارد نہین ہوا کسی روایت مین

ھر ولا یطوف بہ شئ ای ولا یدور حول البقعۃ الشریفۃ لان الطواف من مختصات الکعبۃ الشریفۃ فیحرم حول قبور الانبیاء والاولیاء۔

ھر ولا یطوف بہ شئ اور مقام بزرگ کے گرد نہ پھرے کیونکہ طواف خصوصیات کعبہ شریفہ مین سے ہے پس حرام ہے طواف گرد قبور انبیا و اولیاء کے۔

ولا عبرۃ بما یفعلہ العامۃ الجہلۃ ولو کانوا فی صورۃ المشائخ والعلماء ھر

اور عوام جاہلون کے افعال کا اعتبار نہین اگرچہ بصورت علما و مشائخ کے ہون۔

ولا ینحنی ولا یقبل الارض فانہ شئ ای کل واحد منہما بدعۃ شئ ای غیر مستحسنۃ او تکون مکروھۃ۔ الی ان قال عند قولہ ھر ولا یصلی الیہ شئ ای الی جہتہ صلی اللہ علیہ وسلم لانہ حرام بل یخشی بکفر فاعلہ [illegible] اذا قصد تعظیمہ الی آخر ما ذکرہ فیہ۔

ھر اور نہ جھکے اور نہ بوسہ دیوے زمین کو کیونکہ یہہ ترک بدعت ہے شئ ای ناپسندہ اور مکروہ مین۔ یہانتک کہ کہا ہے شرح قول ماتن ھر ولا یصلی الیہ شئ ای نہ پڑھے نماز طرف قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کیونکہ یہہ حرام ہے بلکہ فتوی کفر کا ہے اگر بارادہ عبادت یا بنیت تعظیم قبر کے ہو تا آخر اسکے جو اسمین ذکر کیا گیا ہے۔

وقال الشيخ ابن عابدين في حاشيته على الدر المختار في الجزء الاول ما نصه ويكره النوم عند القبر وقضاء الحاجة بل الاولى وكل ما لم يعهد من السنة والمعهود منها ليس الا زيارتها

اور کہا شیخ ابن عابدین نے اپنے حاشیہ میں جو درمختار پر اُسکی جزو اول کا ہے اِس تصریح سے اور مکروہ ہے سونا قبر کے پاس اور قضا حاجت بلکہ قضا اولے بالکراہت ہے اور ہر فعل جو معہود من السنۃ نہین اور معہود سنت سے صرف زیارت ہے۔

وقال في محل اخر قال في الظهيرية والسنة زيارتها قائمًا والدعاء عندها قائمًا كما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعله في الخروج الى البقيع ويقول السلام عليكم الى اخره۔

اور دوسری جگہ مذکور ہے کہ ظہیریہ مین ہے اور مسنون اُسکی زیارت ہے کھڑے ہوکر اور دعا نزدیک اُسکے کھڑے ہوکر جیسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے جب بقیع مین تشریف لیجاتے اور کہتے السلام علیکم الخ

فانظر اولا عند قوله والمعهود منها ليس الا زيارتها في اداة الحصر فان فيه وفي ما قبله مقنعا۔

اب غور کر حرف حصر مین جو قول والمعهود منہا لیس الا زیارتہا مین ہے پس اس حصر اور اِسکے ماقبل مین کفایت ہے۔

ولم يطف صلى الله عليه وسلم حول قبر من قبور الصحابة رضي الله تعالى عنهم ولم ينقل عن احد من الصحابة رضوان الله عنهم انه طاف حول قبره الشريف بعد انتقاله ولا عن احد من التابعين رض۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رض کی قبرون مین سے کسی قبر کا طواف نہین کیا اور اصحاب مین سے کسی سے منقول نہین کہ کسی نے بعد وفات حضرتؐ کے قبر شریف کے گرد طواف کیا ہو۔ اور نہ تابعین سے کوئی روایت ہے۔

فالحاصل من ذلك ان القائل بالطواف حول القبر تعظيما لصاحبه كما زعم مبتدع۔

پس حاصل اسکا یہ ہوا کہ قائل بطواف قبر بہ نیت تعظیم صاحب قبر حسب زعم خود مبتدع ہے۔

وقد عرّف العلماء الكرام البدعة كصاحب الدرر وغيره بأنها اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول صلى الله عليه وسلم وبأنها ما احدث على خلاف الحق المتلقى عن الرسول صلى الله عليه وسلم من علم او عمل او حال بنوع شبهة او استحسانا الخ۔

فلو تعلل هذا المبتدع بشبهة قياس القلب الذى هو انموذج الكعبة فى انه يطاف بصاحبه كما يطاف بالكعبة فقياسه هذا قياس مع الفارق۔

ولان سلّم ان قياسه هذا صحيح فليس بمقبول لان باب القياس مسدود بقول العلماء الكرام كصاحب الدرر وغيره ان القياس بعد الاربعمائة منقطع وليس لاحد ان يقيس الخ

ومع ذلك فقوله مردود عليه بقول صاحب اللباب صريحا ولا يطوف به وبتفسير شارحه بقوله اى ولا يدور حول البقعة الشريفة لان الطواف من مختصات الكعبة المنيفة ويحرم حول قبور الانبياء والاولياء الى آخر ما قال الخ موافق لقول الشيخ الگازرونی

اور علمای کرام نے مثل صاحب الدرر وغیرہ کے بدعت کی یہ تعریف کی ہے کہ بدعت اعتقاد ہے خلاف اسکے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معروف ہے اور بدعت وہ ہے جو احداث کیا جاوے خلاف حق کے جو کہ حضرت صلعم سے منقول ہے علم ہو یا عمل یا حال کسی نوع شبہ یا استحسان سے الخ۔

پس اگر یہ مبتدع حجت پکڑے اس طرح پر کہ ہر قلب کو نمونہ کعبہ کا قرار دیکر صاحب قلب کے گرد بھی طواف مثل کعبہ شریف کے کیا جاوے تو یہ قیاس اُسکا قیاس مع الفارق ہے۔ یعنی غلط محض ہے۔۔

اور اگر بالفرض تسلیم کریں تو بھی مقبول نہیں ہو سکتا کیونکہ باب قیاس بند ہو چکا ہے جیسا کہ علمای کرام مثل صاحب الدرر وغیرہ کہتے ہیں کہ بعد چوتھے عصر کے پانی جاری قیاس کا منقطع ہو چکا پس کسی کو قیاس کی گنجایش باقی نہیں رہی الخ

اور باوجود اس کے موافق قول صاحب اللباب کے قول مردود علیہ تصریح ہے اور قول ولا یطوف بحسب تفسیر شارح اسطرح ہے کہ جگہ متبرک کے گرد نہ پھرے کیونکہ طواف کعبہ شریف کے خصوصیات سے ہے پس قبور انبیا و اولیا کا طواف حرام ہے اور یہ قول مخالفوں کا شیخ گازرونی کے قول کے مطابق ہے۔

فی منسکه المتقدم ذکرہ اعلاہ فانه کافٍ فی الرد علیه۔	جو منسک مین بیان کیا ہے جسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے یہہ کل مذکور مدعی طواف کے رد کے واسطے کافی ہے۔
قال فی الشفاء قال علیه الصلوة و السلام اللّٰهم لاتجعل قبری وثناً یُعبد انتهی۔ واللّٰه سبحانه وتعالی اعلم۔	اور شفا مین مذکور ہے کہ فرمایا علیه الصلوة والسلام نے ای خدا میری قبر کو بت نہ بنا جسکی پرستش کیجاوے۔ انتهی واللّٰه سبحانه وتعالے اعلم۔
امر برقمه الراجی من ربه العون والتوفیق عبدہ عباس بن جعفر بن صدیق	عباس بن جعفر بن صدیق حنفی۔

جواب مولانا مولوی محمد حسین صاحب بن محمد السندھی الحنفی شیخ اہل الہندیه در مکہ معظمہ دربارۂ حرمت طواف قبور

الحمد للّٰه الذی لایُعبد سواہ۔ الکریم الذی قسم خلقه الی اقسام فقسم اضله وقسم هداہ وقسم اسعدہ وقسم اشقاہ۔ والصلوة والسلام علی اشرف نبی اصطفاہ وعلی اٰله واصحابه ومن نحا نحوہ ووالاہ۔	جمیع حمد اُسکے لئے ہے جسکے سوا کوئی معبود نہین وہ ایسا کریم ہے جسنے اپنے مخلوق کو چند اقسام بنایا کسی قسم کو ہدایت فرمائی کسیکو گمراہ کیا بعض کو سعید بعض کو شقی اور صلوة اور سلام ہو جیو اُس اشرف نبی پر جسکو برگزیدہ فرمایا اور اُسکی آل واصحاب پر اور جو اُنکے طریقہ پر چلے اور اُن سے محبت رکھے۔
قال العلامة الخیر الرملی ویکرہ ان یجعل علی القبر مظلة وان یقبل التابوت الذی یجعل فوق القبر	علامہ خیر رملی کہتے ہین قبر پر سایبان بنانا مکروہ ہے اور بوسہ دینا اُس تابوت کو جو قبر پر بنایا جاتا ہے۔

اتخاذها مساجد وبناء المساجد
عليها وتعليق الستور عليها واقامة
السدنة لها ودعاء اصحابها والطواف
حولها وغير ذلك من المنكرات انتهى

وقال ايضا فى موضع اخر منها بعد
سياق حديث لاتتخذوا قبرى عيدا
ما نصه فمن اتخاذها عيدا عيد الاغلاة
يتخذونها عيدا اذا راوها من مكان بعيد
ينزلون عن الدواب ويضعون الجباه
على الارض ويقبلون الارض و
يكشفون الرؤس وينادون من مكان
بعيد ويستغيثون بمن لايبدى و
لايعيد ويرفعون الاصوات بالصياح
ويرون انهم ازدادوا فى الربح على الحجيج

حتى اذا وصلوا اليها يصلون عندها
ركعتين ويرون انهم قد احرزوا
من الاجر من صلى الى القبلتين
فتراهم حول القبور سجدا يبتغون
فضلا من الميت ورضوانا ـ

قبروں کے مسجد بنا لینے کو واجب ٹھہرایا ہے
اور قبروں پر مسجد بنانے اور پردے لٹکانے
اور مجاور مقرر کرنے اور اصحاب قبور سے دعا
مانگنا اور گرد قبور طواف کرنے وغیرہ منکرات
کو لازم کیا ہے ۔ انتہی ۔

ایک اور جگہ اس کتاب میں بعد سیاق
حدیث لاتتخذوا قبری عیدا کے یہ تصریح کی ہے
کہ اتخاذ عید میں سے ہے عید الاغلاة یعنے
جو قبروں کو عید بناتے ہیں جب وہ دور سے
قبروں کو دیکھتے ہیں تو سواری سے پیادہ
ہو جاتے ہیں اور پیشانی زمین پر رکھتے ہیں
اور زمین کو بوسہ دیتے ہیں اور برہنہ سر
ہو جاتے ہیں اور دور سے پکارتے ہیں اور
استغاثہ کرتے ہیں اُن سے جو ابداء اور اعادہ
سے عاجز ہیں یعنی اہل قبور سے اور بلند
آواز سے چلاتے ہیں اور اعتقاد کرتے ہیں کہ
زیادتی نفع میں حاجیوں سے بڑھ گئے ہیں
یہاں تک جب وہ قبور کے پاس پہونچتے ہیں
تو دو رکعت پڑھتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں
کہ اُنہوں نے وہ ثواب حاصل کر لیا جو قبلتین
کی طرف پڑھنے والے کو حاصل ہوتا ہے ۔
پس گرد قبور کے ہجوم کرتے ہیں اور سجدہ کرتے
ہوئے فضل اور رضا چاہتے ہیں میت سے

وقد ملأوا أكفهم خيبةً وخسرانًا فلغير الله تعالى بل للشيطان ما يراق هناك من العبرات ويرتفع من الأصوات ويطلب من الحاجات ويسأل من تفريج الكربات وإغناء ذوي الفاقات ومعافاة أولي العاهات والبليات۔

ثم إنهم ينتشرون حوله طائفين متشبهين له بالبيت الحرام الذي جعله الله مباركًا وهدًى للعالمين ثم يأخذون القبل والاستلام كما يفعل بالحجر الأسود في المسجد الحرام ثم يعفرون على الجباه والخدود والله يعلم أنها لم تعفر تلك بين يديه في السجود انتهى۔

وما أسنده لتفسير النيشاپوري منقولًا فقد تصفحت ذلك ثمه فلم أجده مسطورًا۔

وراجعت كتب التفسير المعتبرة كتفسير ابن عباس رضي الله تعالى عنهما والكبير للفخر وروح البيان وأبي السعود والخطيب والخازن والبيضاوي والجلالين والبغوي والمدارك فلم أجد من نحى نحو ما نقله۔ وما عزاه لدستور القضاة من الملتقط غير صحيح۔

حالانکہ پُر کر لیا ہے اپنے ہاتھوں کو نقصان اور تباہی سے جو افعال کرتے ہیں غیر اللہ کے واسطے بلکہ شیطان کے واسطے ہیں از قسم اشک ریزی اور کرنے اور حاجات طلب کرنے اور کشادگی سختیوں کا سوال اور فاقوں سے اغناء اور تکالیف اور بلاؤں سے عافیت کی خواہش پھر گرد قبر کے طواف کرتے ہیں مشابہ طواف بیت الحرام کے جسکو اللہ تعالے نے مبارک اور ہدایت عالمین کے واسطے بنایا ہے پھر بوسہ دہی اور جو متشابہ حجر اسود مسجد الحرام کے ہے کرتے ہیں پھر اپنی پیشانیوں اور رخساروں کو خاک آلود کرتے ہیں اور اللہ تعالے جانتا ہے کہ انہوں نے خدا کیواسطے سجدہ نہیں کیا انتہی۔

اور جو مولوی نے سند تفسیر نیشاپوری کی نقل کی ہے میںنے تفسیر مذکور میں بہت تلاش کیا کہیں اسکا پتہ نہیں ملا۔

علاوہ ازیں اور کتب تفاسیر معتبرہ کو مثل تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہما اور تفسیر کبیر للفخر اور روح البیان اور ابی السعود اور خطیب اور خازن اور بغوی اور بیضاوی اور جلالین اور مدارک میں دیکھا مثل نقل مولوی کہیں نہیں ملا۔ اور جو حوالہ دستور القضاۃ کا ملتقط سے کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔

والمذکور ثمہ ما نصہ ویکرہ تجصیص القبور وتطیینہا والبناء علیہا والکتابۃ علیہا والاعلام بعلامۃ علیہا وان یزید واعلی تراب القبر الخارج منہ کذا روی عن ابی حنیفۃ رح۔

ولا باس برش الماء۔

وکرہ ابو حنیفۃ رح وطئ القبور والجلوس علیہا وان یقضی حاجتہ فی المقابر من بول اوغائط ویکرہ النوم عند القبر والصلوۃ عندہ۔

ولا باس بزیارۃ القبور والدعاء لہم ان کانوا مؤمنین من غیر ان یطأ القبور۔ وقال فیہ ایضا

وعن ابی حنیفۃ رح الاحسن للحاج ان یبدأ بمکۃ فاذا قضی نسکہ یاتی المدینۃ۔

وان بدأ بالمدینۃ جاز فیاتی قریبا من قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیقوم بین القبر والمنبر مستقبل القبلۃ۔

فیسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم علی ابی بکر ثم علی عمر رضی اللہ عنہما الخ

ولو کان الطواف من نوع التعظیم والتوقیر للشیخ کما زعمہ

اور مذکور اُس مین اس تصریح سے ہے اور مکروہ ہے چونہ گچ کرنا قبرون پر اور مٹی سے لیپنا اور اُنپر بنا کرنا اور لکھنا اور علامتین اُنپر لگانی اور خارج قبر سے زائد مٹی قبر پر ڈالنی اسیطرح امام ابو حنیفہ رح سے روایت ہے

اور پانی چھڑکنے مین کچھ خوف نہین۔

اور امام ابو حنیفہ نے مکروہ کیا ہے قبر پر چلنا اور اُسپر بیٹھنا اور مقابر مین بول و براز کرنا اور سونا قبر کے پاس اور نماز مکروہ ہے۔

اور زیارت قبر مین خوف نہین اور اُنکے واسطے دعائے مغفرت کرنے مین اگر وہ مؤمنین ہوون بدون پامال کرنے قبر کے۔ اور ملتقط مین ہے

اور مروی ہے امام ابو حنیفہ رح سے حاجی کیواسطے احسن یہ ہے کہ اول مکہ شریف مین حاضر ہو پھر جب نسک حج ادا کر چکے مدینہ شریف مین حاضر ہووے اور اگر مدینہ شریف مین اول حاضر ہووے جائز ہے۔ پس اول قریب قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اگر کھڑا ہووے درمیان قبر اور منبر کے قبلہ کیطرف منہ کر کے پس حضرت پر صلوۃ وسلام پڑھے پھر حضرت ابو بکر اور عمر رضی اللہ تعالی عنہما پر الخ

اور اگر طواف نو مین تعظیم اور توقیر للشیخ جائز ہوتا جیسا زعم قائل کا ہے

لامر به صلی الله علیه وسلم تعلیماً للجواز
ولطافت به صلی الله علیه وسلم
الصحابة رضوان الله علیهم فی حیاته وبعد
وفاته لانه الواسطة العظمی-
وهو احق من غیره واولی-
مع انه لم یقع ذلك اصلا-

وما نسبه لشراح الحدیث فی
تفسیرهم معنی حفتهم الملائکة
بالطواف فالمراد به الاحداق والاحاطة
کما هو مقرر فی کتب شراح الحدیث

قال الشیخ عبد الغنی المجددی فی
حاشیته المسماة بانجاح الحاجة
علی سنن ابن ماجة فی تفسیر معنی قوله
صلی الله علیه وآله وحفتهم الملائکة ما فسره بقوله
ای احدقوا واحاطوا بهم وتبعه فی المرقاة وغیرها
ولا یخفی علی الخبیر ان الاحداق والاحاطة
لا یعدان طوافا وما نقله عن خزانة الروایات
ووسیلة القلوب ومحك الطالبین
فغیر مسلم لتصریح العلماء رحمهم الله تعالی
بعدم جواز الافتاء من الکتب الغریبة و
لا یجوز لاحد ان یقیس

تو ضرور نبی صلی اللہ علیہ وسلم واسطے تعلیم جواز
کے امر فرماتے اور خود صحابہ رضی اللہ عنہم حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا بحالت حیات اور بعد
وفات طواف کرتے کیونکہ آپ بڑا واسطہ تھا
اور حضرت بنسبت غیر کے زیادہ احق اور اولی
تھے باوجودیکہ یہہ اصلا واقع نہین ہوا (یعنی
نہ حضرت نے امر فرمایا اور نہ کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم
سے طواف کیا) اور جو قائل نے شراح حدیث
کیطرف تفسیر حدیث مین منسوب کیا ہے
کہ معنی حفتهم الملائکة کی یہ تفسیر کی ہے
ای طافوا بهم سو مراد گرد اگرد جمع ہونا اور
احاطہ ہے نہ طواف جیسا کتب شراح حدیث
مین مقرر ہے - شیخ عبد الغنی مجددی نے
حاشیہ مسماۃ بانجاح الحاجة علی سنن ابن ماجہ
مین بیان کیا ہے تفسیر معنی قول صلی اللہ
علیہ وسلم مین وحفتهم الملائکة ای احدقوا
واحاطوا بهم اھ اور ایسا ہی مرقاۃ وغیرہ مین ہے
اور خبیر دانا پر واضح ہے کہ احداق اور احاطہ
طواف شمار نہین ہے اور جو اسنے خزانۃ الروایات
اور وسیلۃ القلوب اور محک الطالبین سے نقل
کیا ہے مسلم نہین اسلیے کہ علماء نے تصریح
کی ہے کہ کتب غریبہ پر فتوی جائز نہین اور
قیاس کرنا بھی اور کسیکو جائز نہین

لان باب القياس سد من بعد القرن الرابع والذى ثبت من فعل الامام رح حالة زيارته كما هو مصرح به فى كثير من الكتب المعتبرة انه كان يقف بالروضة الشريفة مستقبل القبلة المنيفة بحيث يكون رأس القبر الشريف عن يساره ثم يدور الى ان يقف تجاه الوجه الشريف مستدبر القبلة انتهى وهذه الادارة الحاصلة من الامام رح المشتملة على قليل من الخطأ لا يعد طوافا۔

وفيما ذكر كفاية ومقنع والله يهدى من يشاء الى صراط مستقيم ۔ اللهم هداية للصواب واتباعا لمن اوتى جوامع الكلم وفصل الخطاب والله سبحانه اعلم ۔

کیونکہ قرن رابع کے بعد قیاس کا دروازہ بند ہو چکا ہے اور جو فعل امام رح سے بوقت زیارت منصوص ہے کہ شرف زیارت روضۂ شریفہ کے مستقبل قبلہ شریفہ کے کھڑے ہوتے تھے اسطرح کہ سر قبر شریف کا بجانب چپ ہوتا پھر چلکر مقابل وجہ شریف کے قبلہ کی طرف پشت کرکے کھڑے ہوتے امر اس دورہ کا قلیل خطا پر مشتمل ہے طواف نہین شمار کیا جاتا ۔۔

اس جملہ مذکور مین کفایت اور بس ہے ۔ اور اللہ ہدایت کرے جسکو چاہے راہ مستقیم کی طرف ۔

امره رقمه الراجى لطف ربه الخفى محمد حسين بن محمد السندى الحنفى كان الله له ولوالديه ولمن احسن اليه وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم

جواب مولانا مولوی عثمان بن عبد السلام داغستانی حنفی مفتی مدینہ منورہ عفی عنہ

اسأل الله المولى الكريم ذا الطول ۔ التوفيق والاعانة فى الفعل والقول ۔ ما اجاب به ائمة الفتوى ببلد الله الحرام وحرره علماء حرميه الاعلام

مانگتا ہون مین اللہ مولے کریم طاقت والے سے توفیق اور مدد فعل اور قول مین ۔ جو کچھ فتوے کے امامون نے مکہ شریفہ مین جواب دیا ہے اور حرم شریف کے مشہور

في هذه المسئلة هو عين الحق الذي لاغبار عليه وفصل الخطاب الذي تمتد اعناق السائلين اليه وقد حصل الجواب بالنص الواضح الازهر وانجلى ليل الدجنة من جر الصبح الانور واستحق بلا شك ولا مرية هذا المفترى عقوبة الفرية۔

عالمون نے لکھا ہے اس مسئلہ میں وہ عین حق ہے اُسپر کچھ غبار نہیں اور فصل الخطاب ہے جسکی طرف گردنیں دراز ہوتی ہیں اور بیشک واضح اور روشن نص سے جواب حاصل ہو گیا ہے اور صبح روشن سے رات سیاہ دور ہو گئی اور وہ مفتری مجوز طواف قبور بیشک اپنے افترا کے عذاب کا مستحق ہو گیا۔

وكيفية الزيارة بينتها السنة السنية وجاءت بها بيضاء نقية۔ ففي فتح القدير ويكره النوم عند القبر وقضاء الحاجة بل اولى وكل مالم يعهد من السنة۔ والمعهود منها ليس الا زيارتها والدعاء عندها قائما كما كان يفعل رسول الله صلى الله عليه وسلم في الخروج الى البقيع۔

اور زیارت کی کیفیت کو تو سنت روشن نے بیان کر دیا ہے اور دلائل روشن اُسمیں آچکی ہیں۔ پس فتح القدیر میں ہے اور مکروہ ہے قبر کے پاس سونا اور قضای حاجت بلکہ قضا اولے بالکراہت ہے اور جو فعل معہود من السنۃ نہیں۔ اور معہود من السنۃ صرف قبر کی زیارت ہے اور دعا پاس اُسکے کھڑا ہو کر جیسا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے جب بقیع طرف تشریف لیجاتے۔

ويقول السلام عليكم دار قوم مؤمنين انا ان شاء الله بكم لاحقون اسأل الله لي ولكم العافية۔

اور کہے السلام علیکم الخ انتہی۔

وفيه روى ابو حنيفة رح في مسنده عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما من السنة ان تاتي قبر النبي صلى الله عليه وسلم من قبل القبلة وتجعل ظهرك الى القبلة وتستقبل القبر بوجهك ثم تقول

اور فتح القدیر میں ہے کہ ابو حنیفہ رح نے اپنی مسند میں ابن عمر رض سے روایت کیا ہے سنت سے ہے کہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو قبلہ کی طرف سے آوے اور اپنی پشت قبلہ طرف کرے اور منہ قبر کی طرف۔ پھر کہے

السلام عليك ايها النبي ورحمة الله
وبركاته انتهى ـ وفي المواهب اللطيفة
على مسند الامام ابي حنيفة رح للعالم
العلامة والسند الفهامة خاتمة المحدثين
ببلد سيد المرسلين شيخ مشائخنا
المرحوم عابد السندي المدني الحنفي
ولا يطوف الزائر بقبره صلى الله عليه وسلم
لاجماعهم ان الطواف بالقبر محرم كتحريم
الصلوة الى قبره الشريف ـ

ويكره الصاق البطن والظهر بجدار
القبر الشريف لانه خلاف الادب
ولانه لم يؤذن فيه ـ ويكره
مسح جدار القبر باليد وتقبيله بل
الادب ان يبعد عنه كما يبعد عنه
لو كان صلى الله عليه وسلم حيا ـ
ولا يغتر بفعل العوام فانه يحسن
الاقتداء بالعلماء وبركة الاتباع عنهم
انتهى ـ وفي الحديث الشريف ان احبكم
الى واقربكم مني الذي يلحقني على
العهد الذي فارقني عليه رواه ابو يعلى
عن ابي ذر رض ـ

السلام عليك ايها النبي ورحمة الله
وبركاته ـ انتهى اور مواهب اللطيفه
على مسند الامام ابي حنيفه رض مین جو کہ
عالم علامہ سند فہامہ خاتمة المحدثين بلد
سيد المرسلين شيخ مشائخنا المرحوم
عابد سندھی مدنی حنفی کی تصنیف ہے یہ ہے
اور زیارت کرنے والا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی قبر شریف کا طواف نکرے کیونکہ سب کا
اتفاق ہے اسمین کہ قبر کا طواف حرام ہے
جیسا کہ قبر شریف کی طرف نماز پڑھنا بھی حرام ہے
اور مکروہ ہے پیٹ اور پیٹھ کا لگانا قبر شریف
کی دیوار کے ساتھ کیونکہ یہ خلاف ادب ہے ـ
اور اسمین اذن بھی نہین ـ اور مکروہ ہے
قبر کی دیوار کو ہاتھ لگانا اور اسکا بوسہ لینا بلکہ
دور کھڑا رہنا ادب ہے جیسا کہ آپ کی
زندگی مین ہونا چاہیے ـ
اور عوام کے فعل پر مغرور نہونا چاہیے کیونکہ علما کی
تابعداری اچھی ہے اور انہین کی تابعداری مین برکت ہے
انتہی اور حدیث شریف مین ہے کہ میرا زیادہ
پیارا اور نزدیک مجھ سے تم مین سے وہ شخص ہے جو
لاحق ہو میرے ساتھ اس عہد پر جس پر وہ
مجھ سے جدا ہوا ـ کی روایت ابو یعلی نے کی
ابی ذر سے رضی اللہ تعالی عنہما ـ

وعن جابر رضی الله عنه عنه صلی الله
علیه وسلم لتهوکن کما تهوکت الیهود
والنصاری لقد جئتکم بها بیضاء
نقیة لو کان موسی حیا ما وسعه الا
اتباعی رواه البیهقی فی الشعب
وعن انس رض عنه صلی الله علیه وسلم
ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم
بهما کتاب الله وسنة رسوله -
رواه مالك فی الموطأ -
وعن انس رض عنه صلی الله علیه وسلم
اتبعوا السواد الاعظم فانه من شذ
شذ فی النار رواه ابن ماجه -
والله سبحانه وتعالی ولی الهدایة
وبه العصمة والحمایة -
نمقه الفقیر الی عفو ربه القدیر
عثمان بن عبد السلام داغستانی
مفتی المدینة المنورة الحنفی عفی عنه

اور جابر رض سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے البتہ متحیر ہوگے تم جیسے متحیر ہوئے یہود اور
نصارے بیشک لایا ہوں میں تمہارے پاس سنت
روشن پاک - اگر موسیٰ زندہ ہوتا تو اسکو میری پیروی
کے سوا کچھ مجال نہوتی - رواہ البیہقی فی شعب الایمان
اور انس رض سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے کہ میں نے دو چیزیں تم میں چھوڑی ہیں -
جب تک تم انکو محکم پکڑو کبھی گمراہ نہوگے قرآن
اور حدیث - روایت کیا اسکو مالک نے موطا میں
اور انس رض سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
بڑی جماعت کی پیروی کرو - کیونکہ جو پیچھے الگ ہوا
وہ دوزخ میں جائیگا - روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے
اور اللہ جل شانہ و تعالی ہدایت کا ولی ہے -
اور اسیکے ساتھ ہے نگہبانی اور حمایت

الحق ما قاله مفتی المدینة المنورة
علی ساکنها افاضل الصلوة والسلام

هذا الذی ذکره جناب مولانا الافندی عثمان داغستانی
مفتی المدینة المنورة علی ساکنها افضل الصلوة والسلام هو الحق
وهو المعول علیه والله الموفق للصواب والیه المرجع والمآب
نمقه الفقیر احمد خلیل نائب الائمة الشافعیة بمسجد خیر البریة -

تاریخ الطبع للعبد الظلوم الجهول غلام رسول الحنفی ساکن عادلگڑھ مشتملاً علی افتاء عدم جواز طواف القبور

بحمد الله از طبع کشف الستور	شکوک از دل مبتدع گشت دور
حق مسئله شد کماهی عیان	ز حق رفت باطل چو ظلمت ز نور
جواب مصفا در و هر جواب	بعدم جواز آمده بی قصور
طواف قبور از بزرگان دین	نشد مروی الا ببهتان و زور
کسے را نشد منفعت زین طواف	بجز دور ماندن ز قرب حضور
کنون بود گر این رسم بد [illegible]	نیارد در اسلام هرگز ظهور

بسالش ز انجام فتوی بجو کہ

١٣٢١ ھ

روا نیست قطعاً طواف قبور

سنه [illegible] تاریخ بطریق [illegible] ده است در ماده [illegible] است و عددش [illegible] آخر فتوی [illegible] مراد است از حرف انجام فتوی [illegible]